وفاق المدارس کی طرف سے جاری کردہ مختلف اخباری بیانات اور پریس ریلیز

ادارہ

حرمین شریفین کا تحفظ ایمان کا حصہ ہے، وفاق المدارس

(پ۔ر) حرمین شریف کا دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے، سعودی عرب کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے، پاک سعودیہ دیرینہ تعلقات کو سبوتاژ کرنے والوں کو ان عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے، جو عناصر پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنا چاہتے ہیں انہیں ناکامی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری کی سربراہی میں وفاق المدارس کے اعلیٰ سطحی وفد نے سعودی عرب کے وزارت مذہبی امور کے مشیر ڈاکٹر عبدالعزیز العمار اور ان کے رفقاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں مولانا عبیداللہ خالد نائب مہتمم جامعہ فاروقیہ (کراچی)، مولانا امداداللہ ناظم تعلیمات جامعہ بنوری ٹاؤن (کراچی)، مولانا قاضی عبدالرشید ڈپٹی جنرل سیکرٹری وفاق المدارس (راولپنڈی) مولانا ظہور احمد علوی مسئول وفاق المدارس (اسلام آباد) مولانا نذیر فاروقی اور مولانا عبد القدوس محمدی شامل تھے۔ وفاق المدارس کے وفد نے سعودی مہمانوں کے ساتھ اظہار یک جہتی کرتے ہوئے انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی اور کہا کہ حرمین شریفین کا دفاع ہمارے ایمان اور عقیدے کا حصہ ہے، اس میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب ہمارا ایمانی وطن ہے، اس کی سالمیت اور امن و مان پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ وفاق المدارس کے وفد نے کہا کہ بعض عاقبت نااندیش عناصر پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ تعلقات کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کسی صورت کامیاب ہونے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنا چاہتے ہیں انہیں ناکامی ہوگی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالعزیز العمار نے کہا کہ پاکستان اور پاکستانی قوم کی مخلصانہ محبت اور لازوال دوستی کے قدردان ہیں اور ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور آئندہ بھی کسی مشکل گھڑی میں پاکستان کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، تاہم انہوں نے واضح کیا کہ وہ بھی مشکل

کی اس گھڑی میں پاکستانی قوم سے مخلصانہ اور بے لوث تعاون کی امید رکھتے ہیں۔انہوں نے وفاق المدارس کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ وفاق المدارس نے دینی علوم کی ترویج واشاعت کے لیے جو گراں قدر خدمات انجام دی ہیں وہ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔

☆......☆......☆

اقلیتوں کو نشانہ بنانے والے اسلام دشمن ہیں۔وفاق المدارس

(پ-ر) وفاق المدارس العربیہ کے صدر مولانا سلیم اللہ خان، جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری نے یوحنا آباد لاہور میں مسیحی عبادت گاہ کے باہر ہونے والے دھماکوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے دہشت گردی کی بدترین مثال قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کو نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے مستحق نہیں، ایسے عناصر اسلام اور پاکستان کے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم اپنے مسیحی بھائیوں کے ساتھ ہیں اور دہشت گردی چاہے مسجد میں ہو، مندر میں یا چرچ میں، اس کی کسی طور پر بھی حمایت نہیں کر سکتے۔وفاق المدارس کے رہنماؤں نے مشتعل افراد کی طرف سے شک کی بنیاد پر دو افراد کو زندہ جلانے کے عمل کو غیر انسانی فعل قرار دیتے ہوئے اس کی بھی شدید مذمت کی ہے۔

☆......☆......☆

دینی مدارس کو کوائف طلبی کے نام پر مشق ستم نہ بنایا جائے، وفاق المدارس

(پ-ر) دینی مدارس میں نت نئے سروے فارموں کی تقسیم مذاکرات کے عمل کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے، وفاقی حکومت کے ساتھ مذاکرات صحیح سمت پر جارہے ہیں، تمام ملکی ادارے انہیں ڈی ٹریک کرنے سے گریز کریں، مدارس دینیہ کو کوائف طلبی کے نام پر مشق ستم نہ بنایا جائے، دینی مدارس کے طلبہ کے ساتھ امتیازی سلوک افسوس ناک ہے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس کے رہنماؤں شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا انوار الحق اور مولانا محمد حنیف جالندھری نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں کے دینی مدارس میں آئے روز نت نئے سروے فارموں کی تقسیم مذاکرات کے عمل کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے ساتھ مذاکرات صحیح سمت پر جارہے ہیں، تمام ملکی ادارے انہی ڈی ٹریک کرنے سے گریز کریں اور مدارس دینیہ کو کوائف طلبی کے نام پر مشق ستم نہ بنایا جائے۔وفاق المدارس کے قائدین نے کہا کہ دینی مدارس کے طلبہ کے ساتھ امتیازی سلوک افسوس ناک ہے، اس سے گریز کیا جانا چاہیے اور دینی مدارس کے طلبہ واساتذہ کے ساتھ مختلف رویے روا رکھنے سے اجتناب کیا جانا چاہیے۔

☆......☆......☆